NHS Greater Glasgow and Clyde

رشتہ داروں کے لیے انفرادی سطح کی

ورچوئل ویزیٹنگ (ویڈیو ملاقات)

کے لیے زوم گائیڈ

اس گائیڈ کے بارے میں معلومات

اس گائیڈ کا مقصد زوم کال جس کو پہلے ہی سے کسی اور نے سیٹ اپ کیا ہوا ہے میں شامل ہونے کے عمل میں رشتہ داروں کی مدد کرنا ہے۔

یہ گائیڈ کس کے لئے ہے؟

یہ گائیڈ مریضوں کے ان رشتہ داروں اور دوستوں کے لیے ہے جو زوم پر ویڈیو کال میں شامل ہونے کے لیے اپنا وہ ڈیوائس استعمال کر رہے ہوں جس کو این ایچ ایس کا سٹاف یا مریض خود سیٹ اپ کرتے ہیں۔ آپ لیپ ٹاپ، پی سی یا موبائل ڈیوائس جیسا کہ اسمارٹ فون، آئی پیڈ یا ٹیبلٹ ہے سے زوم کال میں شامل ہو سکتے ہیں۔

زوم کیا کرتا ہے؟

زوم ایک ایسی ایپ ہے جو مریض کو اہل خانہ اور دوستوں کے ساتھ ویڈیو اور/یا آڈیو کال کرنے کے قابل بناتی ہے۔ زوم کی ان کالوں کو "میٹنگز" کہتے ہیں۔ یہ ٹیبلٹس، آئی پیڈز، سمارٹ فونز، لیپ ٹاپ اور پی سیز اور مختلف سسٹمز جیسا کہ ونڈوز، ایپل میک، آئی او ایس اور اینڈرائیڈ پر کام کرتی ہے۔

ایک شخص - میٹنگ کا "Host[میزبان] " - کال شروع کرتا ہے اور پھر دوسروں کو شرکت کی دعوت دیتا ہے۔ زوم کے مفت ورژن میں یہ

شامل ہیں:

- لامحدود (یعنی کال کی طوالت پر وقت کی کوئی قید نہیں) 1-2-1 میٹنگز۔
- 3 یا اس سے زیادہ لوگوں کی میٹنگز کے لیے کال **40 منٹوں** تک محدود ہے (لیکن آپ 39 منٹ پر گفتگو ختم کر سکتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر نئی کال شروع کر سکتے ہیں)۔
- آپ کی میٹنگز کی تعداد کی کوئی حد نہیں۔

پہلی بار سیٹ اپ کرنا

اگر آپ صرف کسی اور کی طرف سے شروع کردہ کال میں شامل ہونے کا ارادہ رکھتے ہوں توآپ کو زوم اکاؤنٹ بنانے اور سائن ان کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

1. وارڈ کے عملے کو بتائیں کہ آپ کون سا آلہ استعمال کر رہے ہیں (اسمارٹ فون، ٹیبلٹ، آئی پیڈ، لیپ ٹاپ یا پی سی) اور ان سے اتفاق کریں کہ وہ آپ کو کال شروع ہونے سے قبل زوم میٹنگ کی تفصیلات کس طرح سے بھیجیں (مثلاً بذریعہ فون، ٹیکسٹ، ای میل)۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے پاس آپ کے رابطے کی تفصیلات موجود ہوں۔

2. اگر آپ موبائل ڈیوائس (اسمارٹ فون، آئی پیڈ، ٹیبلٹ) استعمال کر رہے ہوں تو میٹنگز میں شامل ہونے سے قبل آپ کے لیے اپنے آلے پر **زوم ایپ ڈاؤن لوڈ کرنا ضروری ہے۔**

اگر آپ پی سی یا لیپ ٹاپ استعمال کر رہے ہوں تو زوم ایپ ڈاؤن لوڈ کرنا اختیاری ہے۔ اگر آپ کسی ویب براؤزر (یعنی انٹرنیٹ کے ذریعے) سے منسلک ہوتے ہیں اور آپ کے کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ پر ایپ نہ ہو تو کالز بالکل اچھی طرح کام کرنی چاہئیں۔
زوم کالز میں شامل ہونے کے لیے گوگل کروم براؤزر کا استعمال تجویز کیا جاتا ہے۔

اگر آپ زوم ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کا فیصلہ کریں تو مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک کام کریں:

اگر اسمارٹ فون یا ٹیبلٹ استعمال کر رہے ہوں تو زوم ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

1. اپنے ایپ اسٹور میں زوم تلاش کریں اور ڈاؤن لوڈ کے بٹن پر کلک کریں۔
2. آن اسکرین ڈاؤن لوڈ کے بارے میں ہدایات پر عمل کریں۔
3. ڈاؤن لوڈ مکمل ہونے کے بعد اپنے آلے پر زوم آئیکن تلاش کریں:

اگر پی سی یا لیپ ٹاپ استعمال کر رہے ہوں تو زوم ایپ ڈاؤن لوڈ کریں

1. اس پر جائیں www.zoom.us - وسائل (صفحے کے اوپر دائیں طرف) - زوم کلائنٹ ڈاؤن لوڈ - اور ڈاؤن لوڈ کریں۔
2. آن اسکرین ڈاؤن لوڈ ہدایات پر عمل کریں۔
3. ڈاؤن لوڈ مکمل ہونے کے بعد اپنے ڈیسک ٹاپ پر زوم آئیکن تلاش کریں:

کال میں کیسے شامل ہوا جائے

یاد رکھیں کہ آپ جس آلے کے ساتھ شامل ہوں گے وہ آپ کے زوم آڈیو اور ویڈیو آپشنز کو متاثر کرے گا: جیسا کہ پرانے پی سی میں ویڈیو کے لیے ویب کیم نصب نہیں ہو گا۔

زوم کو ویڈیو اور/یا آڈیو آپشنز تک رسائی کی اجازت درکار ہوتی ہے، اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ان سیٹنگز کو آن کریں تاکہ آپ کو کال میں سنا/دیکھا جا سکے۔

آپشن 1: زوم ایپ کا استعمال کرتے ہوئے کال میں شامل ہونا

1. وارڈ سٹاف سے میٹنگ کی تفصیلات متفقہ طریقے سے حاصل کریں (ٹیکسٹ، فون، ای میل وغیرہ) **یہ میٹنگ آئی ڈی اور ایک پاس ورڈ ہوگا**		2. اپنی ڈیوائس پر **ایپ کھولیں**	
3. انتخاب کریں **Join a Meeting [میٹنگ میں شریک ہوں] نوٹ فرمائیں آپ کو سائن ان کرنے کی ضرورت نہیں**		4. متعلقہ باکس میں میٹنگ آئی ڈی درج کریں، اپنا نام درج کریں اور جوائن پر کلک کریں۔	
5. جب کہا جائے تو **meeting password [میٹنگ کا پاس ورڈ]** درج کریں اور **Join Meeting [میٹنگ میں شامل ہوں]** پر کلک کریں۔		**کال میں شمولیت جاری رکھنے کے لیے اب ذیل میں آپشن 2 کے بعد باقی ہدایات پر عمل کریں۔**	

آپشن 2: ویب براؤزر سے زوم کال میں شامل ہونا (انٹرنیٹ کے ذریعے)

1. وارڈ سٹاف سے میٹنگ کی تفصیلات متفقہ طریقے سے حاصل کریں (ٹیکسٹ، فون، ای میل وغیرہ) **یہ میٹنگ آئی ڈی اور ایک** پاس ورڈ ہوگا		2. یہاں پر زوم ویب سائٹ پر www.zoom.us جائیں۔	
3. **Join a Meeting** [میٹنگ میں شامل ہوں](براؤزر اسکرین کے اوپر دائیں) کو منتخب کریں۔ آپ کو سائن ان کرنے کی ضرورت نہیں		4. متعلقہ باکس میں میٹنگ آئی ڈی درج کریں اور **click join** [جوائن پر کلک کریں]۔	
5. ایک بار جب آپ میٹنگ آئی ڈی میں داخل ہوجائیں تو **join from your browser** [اپنے براؤزر سے شامل ہونے کے لیے] اسکرین کے نیچے آپشن پر کلک کریں۔		6. اپنا نام درج کریں، "میں روبوٹ نہیں ہوں" چیک باکس پر نشان لگائیں اور پھر **click join** [شامل ہونے] پر کلک کریں۔	
7. جب کہا جائے تو **meeting password** [میٹنگ کا پاس ورڈ]درج کریں اور **Join Meeting** [میٹنگ میں شامل **ہوں**]پر کلک کریں۔		**کال میں شمولیت جاری رکھنے کے لیے اب ذیل میں ہدایات پر عمل کریں...**	
ایک بار جب آپ میٹنگ آئی ڈی اور پاس ورڈ درج کر لیتے ہیں تو کام کو تقریبا" مکمل کر لیتے ہیں!		1. سروس کی شرائط قبول کرنے کے لیے آن **اسکرین اشاروں** پر عمل کریں؛ **کیمرے یا مائیکروفون تک رسائی** کی اجازت دیں؛ یا اپنے آلے پر انحصار کرتے ہوئے ویڈیو کے ساتھ شامل ہوں۔	
2. جب اشارہ کیا جائے تو **join with computer/device audio** [کمپیوٹر/ڈیوائس آڈیو کے ساتھ شامل ہونے] کا انتخاب کریں (اس پر منحصر ہے کہ آپ شامل ہونے کے لیے کیا استعمال کر رہے ہیں)		3. آپ کو اب اپنے آپ کو اسکرین پر دیکھنا چاہیے لیکن آپ کو شامل ہونے کے لیے **میزبان کا انتظار** کرنا پڑے گا۔ آڈیو اور ویڈیو آپشنز سمیت کنٹرول دیکھنے کے لیے اپنی اسکرین کے نیچے تھپتھپائیں۔	

4. کیا آڈیو یا ویڈیو کے ساتھ مسئلہ درپیش ہے؟ آڈیو یا ویڈیو آپشنز دیکھنے کے لیے اپنی سکرین پر کلک کریں یا ٹیپ کریں اور تبدیلیاں کرنے کے لیے انہیں منتخب کریں: جیسا کہ **join with computer or device audio** [کمپیوٹر یا ڈیوائس آڈیو کے ساتھ شامل ہوں] اگر آپ کو شامل ہوتے وقت کوئی اشارہ موصول نہیں ہوتا۔		5. آپ کے کنٹرول بار کے دیگر آپشنز میں کال چیٹ اور ایموجیز شامل ہیں۔	
6. کال پر سب کو ایک ساتھ دیکھنے کے لیے اسکرین کے **Gallery View** [گیلری ویو] پر کلک کریں۔ نوٹ فرمائیں: ہو سکتا ہے یہ آپشن فون پر ظاہر نہ ہو۔		7. ختم کرنے کے لیے سرخ **Leave** [چھوڑنے] کا آپشن تلاش کریں اور اس پر کلک کریں۔ آپ نے کام مکمل کر لیا ہے!	

خرابی کا سراغ لگانا

کیا مزید مدد کی ضرورت ہے؟ یہاں پر جائیں https://support.zoom.us/ اور عام سوالات اور خرابیوں کا ازالہ کرنے کے لیے **Getting Started** [شروع کرنا منتخب کریں]۔

یا رابطہ کریں virtual.visit@ggc.scot.nhs.uk